نقد و نظر

۱۔ رسائل۔

جنوری سنہ رواں سے تین خاص رسالے جاری ہوئے ہیں خوشی کی بات ہے کہ یہ تینوں رسالے مذاق عام کے غلام نہیں ہیں۔

جاوید دہلی | مرتب۔ مولوی عبدالوحید صاحب صدیقی و مولوی محمد ادریس صاحب میرٹھی ضخامت ۶۲ صفحات سالانہ چندہ تین روپیہ۔ ملنے کا پتہ۔ مٹیا محل دہلی۔

جاوید کے تین نمبر ہمارے پیش نظر ہیں۔ ہر نمبر سابقہ نمبر سے بہتر ہے مضامین زیادہ تر علمی اور مذہبی ہیں مولنٰنا شبیر احمد صاحب عثمانی اور مولنٰنا اعزاز علی صاحب شیخ الادب دارالعلوم دیوبند جیسے علماء کی قلمی اعانت اس کو حاصل ہے۔ عام دلچسپی کیلئے کبھی ایک آدھ افسانہ کو بھی جگہ دی جاتی ہے۔ اگر جاوید اسی مسلک پر چلتا رہا تو ہم امید کرتے ہیں کہ وہ دین اور علم کی مفید خدمت انجام دیگا۔

کونین، گورکھپور | ۔مرتب: ۔مولوی عزیز الرحمان صاحب اصلاحی و محمد یحییٰ صاحب عظمی بی۔اے ضخامت ۴۰ صفحات، سالانہ چندہ، عہ۔ ملنے کا پتہ: ۔منیجر رسالہ کونین، کھوکھر پور۔ گورکھپور۔

اس رسالہ کا مقصد ایسے لوگوں کیلئے معلومات فراہم کرنا ہے "جو دنیا کے حالات سے بہت کم واقف ہیں"۔ اس لئے "زبان اور مضامین میں ایسے ہی لوگوں کے ذوق و رجحان کی پابندی" کی جاتی ہے۔ دینیات، سیاسیات، معاشیات، مختارات، وجدانیات، نسائیات، ادبیات، بصائر و حکم، تعلیم و تربیت، تاریخ و سیر، حوادث و ایام، عالم اسلام، زرعیات، اقتباسات او معلومات اس کے مستقل عنوانات ہیں۔ اور ہر عنوان کے تحت مفید مضامین درج کئے جاتے ہیں۔ اس رسالہ میں ایک خاص چیز، مولنٰنا حمیدالدین فراہی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر القرآن کے ایک جزو (سورۃ اللھب) کا ترجمہ ہے" جو تیسرے نمبر سے شروع ہوا ہے اور مسلسل شائع ہو رہا ہے

کو بہت بڑا کام کرے گا۔ اگر مولانا علیہ الرحمۃ کی تفسیر کے شایع شدہ اجزا کا ترجمہ شایع کرتا رہے گا۔

شہاب جوناگڈہ مرتبین:۔ مولوی سید ابو ظفر صاحب ندوی و قاضی احمد میاں صاحب اختر جوناگڑھی ضخامت ۴۸ صفحات سالانہ چندہ (ہے) روپیہ۔ ملنے کا پتہ دفتر شہاب کنگ روڈ جوناگڈہ کاٹھیاواڑ۔

اس رسالہ کے کاتب و مرتب ملک کے مشہور اہل قلم ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ کاٹھیاوار میں "اردو کی اشاعت کی جائے اور ایسے اسباب مہیا کئے جائیں جن سے اس زبان کی طرف لوگوں کو خود رغبت پیدا ہو"۔ اس پرچہ کے چھ خاص عنوانات ہیں: لمعات، اس کو معارف کے شذرات سمجھئے، مقالات، تاریخ۔ ادبیات منظومات۔ اور علمی خبریں۔ مقالات کے تحت پروفیسر سید محمد علی صاحب کا مضمون علم مواقیت الصلاۃ اور اسمٰعیل ابراہانی صاحب کا مضمون "انگریزی اعلیٰ تعلیم کا دردناک انجام"، اور تاریخ کے تحت مولوی سید ابو ظفر صاحب ندوی کا مضمون "بوہرہ قوم کی اصلیت" قابل قدر مضامین ہیں۔

تحفہ معراج شریف از جناب حاجی رحیم بخش صاحب ایم۔ اے۔ ضخامت ۱۳۰ صفحات اس رسالہ میں جناب حاجی صاحب نے نہایت قابلیت سے مسئلہ معراج پر گفتگو فرمائی ہے اور قرآن میں تدبر اور آیات کا تتبع کر کے ثابت کیا ہے کہ معراج جسمانی تھی۔ اور جو الفاظ قائلین معراج روحانی کے لئے محل شک ہوئے ہیں کلام عرب سے ان کے معنی کی تحقیق کی ہے۔ حق یہ ہے کہ حاجی صاحب کا یہ رسالہ اس باب میں قول فیصل ہے۔

فضل فونٹن پن کا نیا اسٹاک

خوشنما پائیدار جدید دلکش نمونے

آپ اپنے لئے ایک قلم جلد منتخب فرما لیجئے قیمت: جونیئر ۱۲؍ سینیئر ۶؍

اسٹیشنری کا سامان

ہر قسم کی اسٹیشنری تھوک اور چلر ہماری دوکان سے بکفایت خرید فرمایئے

فدا علی محمد علی اسٹیشنری مرچنٹ پتھر گٹھی حیدرآباد

ٹیلیفون نمبر (۷۶۵)